# بینک دولت پاکستان

## ایس بی پی بینکنگ سروسز کارپوریشن

## سیکیورٹی آفیسرز کی بھرتی (کنٹریکٹ کی بنیاد پر) برائے سکھر، فیصل آباد، بہاولپور، گوجرانوالہ اور نارتھ ناظم آباد

ایس بی پی بینکنگ سروسز کارپوریشن (SBP BSC) بینک دولت پاکستان کا ذیلی ادارہ ہے۔ SBP BSC، بینک دولت پاکستان کے آپریشنل بازو کی حیثیت سے ملک بھر میں اپنے 16 مقامی دفاتر کے نیٹ ورک کے ذریعے کام کرتا ہے جس کا صدر دفتر کراچی میں واقع ہے۔ مزید تفصیلات کے لیے براہِ مہربانی ہماری ویب سائٹ https://www.sbp.org.pk/sbp_bsc/index.asp ملاحظہ فرمائیں۔

بینک کو اپنے حفاظتی نظام کو مزید مستحکم کرنے کی خاطر اپنے دفاتر واقع سکھر، فیصل آباد، بہاولپور، گوجرانوالہ اور نارتھ ناظم آباد کے لیے سیکیورٹی آفیسرز کی اسامیوں پر تقرر کیلئے مطلوبہ تعلیم اور تجربہ کے حامل حوصلہ مند اور باصلاحیت امیدواران سے درخواستیں مطلوب ہیں۔

### ملازمتی ذمہ داریاں:

☆ بینک کے موجودہ سیکیورٹی نظام کا تجزیہ کرنا اور اس میں مزید بہتری لانا۔

☆ سیکیورٹی سے متعلقہ معیاری ضابطہ کار پر عمل درآمد اور بینک کے ملازمین، ملاقاتی افراد اور اسٹیک ہولڈرز کے لیے محفوظ ماحول کو یقینی بنانا۔

☆ ڈزاسٹر ریکوری، کاروباری تسلسل اور سیکیورٹی خدشات سے نمٹنے کے نظام کی ضروریات کی تکمیل کو یقینی بنانا۔

☆ مقامی انتظامیہ اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے ساتھ بینک کی سیکیورٹی کے معاملات سے متعلق ضروری روابط قائم کرنا اور مسلسل برقرار رکھنا۔

☆ بینک کے منظور کردہ منصوبہ کے مطابق ماہانہ، سہ ماہی اور سالانہ ٹیبل ٹاپ ٹیسٹنگ، فرضی مشق اور ریہرسل منعقد کرانا۔

☆ سیکیورٹی عملے کی جدید ٹیکنالوجی/آلات/ہتھیاروں کے بارے میں آگاہی اور تربیت کے اقدامات کی قیادت کرنا اور بینک میں ملاقات کی غرض سے آنے والے اسٹیک ہولڈرز سے ڈیل کرنا۔

☆ انتظامیہ کی جانب سے تفویض کردہ دیگر ذمہ داریاں نبھانا۔

### اہلیت کا معیار

#### تعلیم و تجربہ

☆ لیفٹیننٹ کرنل/ میجر یا اس کے مساوی درجہ کے حامل مسلح افواج کے سابق افسران جن کا تعلق درج ذیل شعبوں سے رہا ہو۔

| | |
|---|---|
| آرمی۔ | فائٹنگ اور سپورٹ آرم/ ایس ایس جی |
| بحریہ/میرینز۔ | آپریشنز/ جی ڈی/ ایس ایس جی |
| فضائیہ۔ | ایڈمن اور اسپیشل ڈیوٹیز/ ایس ایس جی |

☆ LPR پر افسران بھی درخواست جمع کرانے کے اہل ہے۔

☆ سروس کے دوران سیکیورٹی اور سرویلنس ڈیوٹیز کا قابلِ تصدیق تجربہ۔

☆ تنصیبات کی حفاظت/ پرووسٹ/ انٹیلیجنس میں خدمات سرانجام دینے کا تجربہ رکھتے ہوں۔

☆ PSC/ISC/LSC، مساوی یا اعلیٰ تعلیم کے حامل امیدوارن کو ترجیح دی جائے گی۔

☆ انسداد دہشتگردی/ سیکیورٹی سے متعلقہ کورس/ ٹریننگ اضافی اہلیت تصور کی جائیگی۔

**وہ آفیسرز جو کہ مسلح افواج سے نظم و ضبط/ غیر تسلی بخش کارکردگی/ طبی بنیاد پر جبری ریٹائر ہوئے ہوں، درخواست دینے کے اہل نہیں۔**

#### عمر:

درخواست جمع کرانے کی آخری تاریخ تک امیدوار کی عمر زیادہ سے زیادہ 50 سال ہو۔

#### میڈیکل:

امیدوار طبی اور جسمانی طور پر بغیر کسی معذوری کے مکمل طور پر فٹ ہو۔

#### مہارت اور قابلیت

☆ حفاظتی تنظیم، منصوبہ بندی اور اس پر عملدرآمد، طریقہ نفاذ، تکنیک اور آلات سے مکمل طور پر واقفیت۔

☆ حفاظتی میدان میں جدید پیشرفت، برقیاتی نگرانی، آگ بجھانے، حفاظت اور ڈزاسٹر مینجمنٹ کے بارے میں تازہ ترین علم۔

☆ ٹیم ورک کی صلاحیت اور قیادت کرنے میں مہارت۔

☆ تبادلہ خیال اور تعلقاتِ عامہ میں مہارت۔

## انتخاب کا طریقہ کار

امیدواروں کو مذکورہ اہلیت اور پیشہ ورانہ تجربہ کے معیار/ مطابقت کی بنیاد پر شارٹ لسٹ کیا جائے گا۔ شارٹ لسٹ کیے گئے امیدواروں کو سلیکشن بورڈ کے سامنے انٹرویو کے لیے پیش ہونا ہوگا۔ منتخب امیدواروں کو کنٹریکٹ کی بنیاد پر دو سال کے لیے تقرر کی پیشکش کی جائے گی جس میں توسیع کنٹریکٹ کے دوران تسلی بخش کارکردگی اور چال چلن کی بنیاد پر ہوسکتی ہے۔ تقرر سے قبل منتخب امیدواروں کے کوائف تصدیق کے لیے متعلقہ مسلح افواج کے ہیڈکوارٹرز کو ارسال کیے جائیں گے۔

## مراعات

منتخب امیدواروں کو مارکیٹ کے مساوی مراعات کی پیشکش کی جائے گی۔

## تعیناتی کا مقام

فی الحال تمام اسامیاں بینک کے مقامی دفاتر واقع **سکھر، فیصل آباد**، بہاولپور، گوجرانوالہ اور نارتھ ناظم آباد کے لیے ہیں۔ امیدواران درخواست جمع کراتے وقت درخواست میں تعیناتی کے مقام میں دفاتر کے نام ترجیحی ترتیب میں ضرور لکھیں تاہم ضرورت پڑنے پر منتخب امیدواران کو ملک بھر میں قائم 16 دفاتر میں سے کسی بھی دفتر میں تعینات کیا جاسکتا ہے۔

## درخواست دینے کا طریقہ کار

خواہشمند پاکستانی اور آزاد جموں و کشمیر کی شہریت کے حامل امیدوار، جو کہ مندرجہ بالا معیار پر پورا اترتے ہوں، مجوزہ درخواست فارم کے ذریعے درخواست جمع کرواسکتے ہیں جو کہ SBP BSC کی ویب سائٹ www.sbp.org.pk/careers/bsc-status.htm سے ڈاؤن لوڈ کیا جاسکتا ہے یا SBP BSC کے ملک بھر میں قائم کسی بھی مقامی دفتر سے مفت حاصل کیا جاسکتا ہے۔ **مکمل طور پر پُر کردہ درخواست فارم مع تازہ ترین CV اس اشتہار کے اشاعت کے پندرہ روز کے اندر یعنی ۲۴ جولائی ۲۰۲۳ء تک درج ذیل پتے پر لازماً پہنچ جانی چاہیئں۔**

جوائنٹ ڈائریکٹر

ریسورس مینجمنٹ ڈویژن

شعبہ انتظامی امور برائے افرادی قوت

بینک دولت پاکستان

ایس بی پی بینکنگ سروسز کارپوریشن، صدر دفتر

آئی آئی چندریگر روڈ، کراچی

UAN: 111-727-111 (Ext: 5137)

ازراہِ کرم جس عہدے پر تقرر کے لئے درخواست دی جارہی ہے اُس کا نام لفافے پر ضرور لکھیں۔

صرف شارٹ لسٹ کیے گئے امیدواروں سے رابطہ کیا جائے گا۔ نامکمل/ تاخیر سے موصول ہونے والی درخواستوں پر غور نہیں کیا جائے گا۔

غلط معلومات دینے والے اور چناؤ کے طریقہ کار پر اثر انداز ہونے کی کوشش کرنے والے امیدوار کو بینک میں اس بھرتی اور آئندہ کی تمام بھرتیوں کے لیے قطعی نااہل تصور کیا جائے گا، خواہ وہ اہلیت کے معیارات پر پورا اترتا ہو۔